रोल नं. | | | | | | | | |

मुद्रित पृष्ठों की संख्या : 7

106

406(IWV)

# 2024

# उर्दू

# اردو

समय : 3 घण्टे]

[पूर्णांक : 80

نوٹ: 1۔ طالب علم اپنے سوال نامہ کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

2۔ یہ پرچہ (سوال نامہ) دو حصوں پر مشتمل ہے۔ دونوں حصوں کے سبھی سوالات کرنا لازمی ہیں۔

3۔ حصہ ''الف'' اور حصہ ''ب'' جواب لکھتے وقت حصہ الف لکھ کر اس کے جواب لکھیں اور نمبر بھی اسی حصہ کے جواب ڈالیں۔ حصہ ''ب'' ڈال کر سوالات کے جوابات لکھیں۔

4۔ جواب خوشخط انداز میں لکھیں۔

5۔ تحریر صاف ستھری ہونا چھیے۔

## ''حصہ الف''

سوال نمبر 1: غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھیں اور پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیں: 8

انگریزی کی کہاوت ہے کہ ''آپ وہ ہیں جو آپ کھاتے ہیں۔ جس کا مفہوم ہے غذا۔ آپ کی شخصیت اور صحت کو برقرار رکھنے اور نکھارنے میں ایک اہم کردار ادا کرتی ہے۔ غذا کی اہمیت نہ صرف آپ کی جسمانی صحت کے لئے ضروری ہے۔ بلکہ یہ آپ کے ذہنی



Download from www.cclchapter.com

اور نفسیاتی صحت کے لئے بھی اتنی ہی اہم ہے۔ کیوں کہ ہم جانتے ہیں کہ "ایک صحت مند دماغ ایک صحت مند جسم میں ہی قیام پزیر ہوتا ہے"۔ قوت بخش اور متوازن غذا آپ کی صحت کے لئے بے حد ضروری ہے۔ یہ نہ صرف آپ کی جلد کی قدرتی رنگت کو نکھارتی ہے بلکہ آپ کی مدت حیات کو بھی دراز کرتی ہے۔ غذا کو متوازن اور قوت بخش بنانے میں سب سے اہم ہے کہ آپ اپنی غذا میں پھل اور سبزیوں کو پوری مقدار میں شامل کریں۔

سوال نمبر۱۔ مندرجہ بالا اقتباس کا عنوان لکھئے؟

سوال نمبر۲۔ آپ وہ ہیں جو آپ کھاتے ہیں۔ مفہوم لکھئے؟

سوال نمبر۳۔ غذا کا اہم کردار کس کو نکھارنا ہے؟

سوال نمبر۴۔ صحت مند دماغ صحت مند جسم میں قیام پزیر ہوتا ہے۔ ایک لائن میں جواب دیں؟

سوال نمبر۵۔ غیر متوازن غذا سے کیا مطلب ہے؟

سوال نمبر۶۔ غذا میں پھل اور سبزی کیوں ضروری ہے۔ ایک لائن میں جواب لکھیں؟

سوال نمبر 2. مندرجہ ذیل عنوان میں سے کسی ایک موضوع پر مضمون لکھیں۔ تمہید۔ نفس مضمون۔ اختتامیہ۔ 12

(i) وقت کی پابندی

(ii) انٹرنیٹ وقت کی اہم ضرورت

(iii) بے روزگاری اور نوجوانوں کا مستقبل

(iv) میرا پسندیدہ تہوار

سوال نمبر 3. اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام ایک درخواست لکھیے۔ جس میں کلاسوں کی صفائی، کھیل کے میدان کا انتظام اور



Download from www.cclchapter.com

8 پینے کے پانی کا صاف ستھرا بندوبست کرنے کے لئے کہا جائے؟

یا

اپنے علاقہ میں پانی بھرنے اور گندگی کی وجہ سے بیماریوں کے پھیلنے کے خطرے سے واقفیت کرانے کے لئے مقامی اخبار کے ایڈیٹر کے نام ایک خط لکھئے۔ جس میں متعلقہ حکام کی توجہ مبذول کرائی جائے؟

سوال نمبر 4. 8

مسلمان جو یہاں آئے تھے وہ یہیں رہ پڑے۔ اس دیش کو انہوں نے اپنا دیش سمجھا۔ یہیں پیدا ہوئے، یہیں جئے اور یہیں مرے۔ یہیں کے حالات نے انہیں بادشاہ اور فقیر بنایا۔ انہوں نے بادشاہی بھی کی اور فقیری بھی۔ بادشاہ بن کر انہوں نے یہاں کی زبان سے کام لیا اور فقیر بن کر بھی یہیں کی بولی بولے۔ اس سلسلہ میں سب سے اہم نام امیر خسرو کا ہے۔ جو امیر بھی تھے، فقیر بھی۔ شاعر بھی تھے، گائک بھی۔ بادشاہوں کے دوست بھی اور غریبوں کے یار بھی۔ انہوں نے فارسی میں بہت سی کتابیں لکھیں جن سے ان کا ہندوستان سے محبت پھوٹ پڑتی ہے۔ مگر انہوں نے یہاں کی بولی میں جو کچھ لکھا ہے وہ بھلایا نہیں جا سکتا۔ اس وقت اس بولی میں لکھنا عام بات نہیں تھی۔ ان کی بہت سی پہیلیاں، دوہے، گیت، اب بھی لوگوں کی زبان پر ہیں۔ اس وقت تک اردو کی کوئی خاص شکل نہیں بنی تھی۔ اس لئے ان کی بولی کبھی کھڑی بولی ہندوستان سے مل جاتی ہے۔ کبھی برج بھاشا سے اور کبھی کئی بولیاں ملی ہوتی ہیں۔ بہر حال امیر خسرو کو ہندی والے اپنا کوی سمجھتے ہیں اور اردو والے اپنا شاعر۔

سوال الف۔ مندرجہ بالا عبارت کا خلاصہ خوش خط انداز میں لکھئے؟

سوال ب۔ اپنے خیالات کے حساب سے اس عبارت کا عنوان تجویز کیجئے؟

سوال نمبر 5. درجہ ذیل محاوروں میں کنہیں چار محاوروں کے معنی لکھ کر جملوں میں استعمال کریں: 8



Download from www.cclchapter.com

(i) نودوگیارہ ہونا

(ii) آستین کا سانپ ہونا

(iii) آسمان سے باتیں کرنا

(iv) خون سفید ہونا

(v) چار چاند لگنا

(vi) پاپڑ بیلنا

(vii) پانی پانی ہونا

سوال نمبر 6 کسی ادبی رسالے کو بیچنے کے لئے اشتہار بنایئے؟ 4

## حصہ "ب"

سوال نمبر 7. مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے: 6

سید کو جنگل میں ایک خاص بات یہان کی بوباس معلوم ہوئی۔ انہوں نے محسوس کیا کہ یہاں کی پوری فضا میں ایک انوکھی مہک بسی ہوئی ہے۔ ایک ایسی بھینی مہک جو عطر کی طرح تیز نہ ہونے پر بھی فرحت وتازگی کا احساس دلاتی، روح کی گہرائیوں میں اترتی جارہی ہے۔ سید نے دیکھا کہ جنگل میں جہاں تہاں خودروح پودے اگے ہوئے ہیں۔ جن میں سے بیشتر پھلوں سے لدے پڑے ہیں، خودرو پودوں کی طرح اس وقت بہت سے بڑے پیڑ بھی بہار پر تھے۔ اور ہزاروں لاکھوں کی تعداد میں شہد کی مکھیاں پیڑ پودوں کے گرد منڈاراتی ارو پھولوں پر بیٹھتی اڑتی دکھائی دے رہی تھیں۔ سید کو اس وقت اپنی درسی کتاب کے ایک سبق کا خیال آ گیا جس میں بڑی تفصیل سے شہد کی مکھیوں کی کہانی بتائی گئی تھی۔ لیکن یہ وقت بیتی باتوں کو یاد کرنے یا کسی ایک چیز پر توجہ قائم رکھنے کے لئے موزوں نہ تھا۔



Download from www.cclchapter.com

الف۔ سید کو جنگل میں کیا خاص بات محسوس ہوئی؟

ب۔ شہد کی مکھیاں جنگل میں کیا کر رہی تھیں؟

ت۔ کس نے اپنی نظریں پھولون اور شہد کی مکھیوں سے ہٹائی؟

یا

تین مور پانی تک پہونچے نہ تھے کہ ایک چوتھا مور بھی ان میں آ ملا۔ یہ لمبی دم والا نر مور تھا۔ جو قریب کے ایک پیڑ پر بیٹھا تھا۔ اس نے زمین پر اترتے ہی اپنے پر پھیلا شروع کر دیا۔ دیکھتے ہی دیکھتے اس کے خوش نماں پر چھتری کی طرح پھیلے اور اپنے ''میں و دلفریب نقش و نگار کے ساتھ ایک ایسا منظر پیش کرنے لگے جس کی صحیح اور مکمل تصویر الفاظ میں کھینچی ہی نہیں جا سکتی۔ اس وقت یوں لگ رہا تھا جیسے کسی نے بے شمار ہیرے تراش کر اس کی دم میں لگا دئے ہیں اور پروں کی جگہ مور کے جسم پر گہرے سبز خانے بھورے، سنہرے اور پیلے رنگ کی ایک چھوٹی قوس قزح نکل آئی ہے۔ کبھی ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اس کے لمبے لمبے ریشمی نیلگوں پروں میں ایک ساتھ درجنوں آنکھیں نکل آئی ہیں۔ جو پھٹی پھٹی نظروں سے شاید اس لئے حیرت سے دیکھ رہی ہیں کہ چاروں طرف بکھرے قلات کے جواب خس و کو کس طرح سمیٹا جائے۔ خود مور پر بھی اس وقت ایک وجد کی کیفیت طاری تھی۔ اور پروں کو ساز کی طرح بجاتا ہوا جھوم جھوم کر کبھی قدم آگے بڑھاتا تھا اور کبھی پیچھے۔ اس وقت مورنیاں بھی نر مور کا دل بڑھانے کے لئے اس کے آس پاس آ گئی تھیں۔

سوال الف۔ کس کے خوش نما پر جھتری کی طرح پھیلے ہوئے تھے؟

سوال ب۔ مور کی دم میں قوس و قزح نکل آئی۔ اس کا مطلب واضح کریں؟

سوال ت۔ کس منظر کی تصویر الفاظ میں نہیں کھینچی جا سکتی؟

سوال نمبر 8۔ جنگل کی ایک رات کتاب میں مور کے بارے میں کیا لکھا گیا ہے؟ تفصیل سے بیان کریئے۔ 6



Download from www.cclchapter.com

یا

نیلامور کن کن دیشوں میں پایا جاتا ہے؟ تفصیل سے بیان کریئے؟

سوال نمبر 9. سبھی سوالات کے جواب ایک لائن میں لکھیے:

(i) ''جنگل کی ایک رات'' 1

A۔ افسانہ ہے B۔ کتاب ہے C۔ نظم ہے

(ii) خوش نما کے معنٰی ہیں۔ 1

A۔ برا B۔ اچھا لگنا C۔ بڑا ہونا

(iii) ''افریقی ہاتھی ہوتے ہیں''؟ 1

A۔ لمبے چوڑے B۔ دبلے پتلے C۔ چھوٹے

(vi) سیاہ کا متضاد ہے: 1

A۔ کالا B۔ سرخ C۔ سفید

سوال نمبر 10 محمد مجیب علی درجہ کے ڈرامہ نگار ہیں۔ ''ہیروئین کی تلاش'' کے حوالہ سے واضح کیجئے؟ 5

سوال نمبر 11 ہیروئین کی تلاش ڈرامہ میں پورنمار کے کردار پر روشنی ڈالئے؟ 2

سوال نمبر 12

(i) ڈرامہ ہیروئین کی تلاش میں چار اہم کرداروں کے نام لکھیے؟ 2

(ii) رگھورام نے ڈرامہ کی ہیروئین کے کردار کے لئے عورت کو تلاش کرنے سے منع کیوں کیا؟ 2

(iii) روپ متی کے کردار کی خوبی بتایئے؟ 2



Download from www.cclchapter.com

سوال نمبر 13

(i) ڈرامہ ہیروئین کی تلاش کے مصنف ہیں؟ 1

A۔ جیوتی پرکاش B۔ محمد مجیب C۔ ریحان احمد عباسی

(ii) ڈرامہ ہیروئین کی تلاش میں کیشو داس کی بیوی ہے؟ 1

A۔ پورنما B۔ نرملا C۔ کملا

(iii) ڈرامہ ہیروئین کی تلاش میں کردار ہیں؟ 1

A۔ دو B۔ تین C۔ ان میں سے کوئی نہیں



Download from www.cclchapter.com